Urdu - 5th Class Urdu Chapter 21 Short Questions Test

Q1. ایک قمری سال مکمل ہوتا ہے.

Ans 1: ایک قمری سال مکمل ہوتا ہے 12 مہینوں میں.

Q2. روشنی اور حرارت کا سب سے بڑا قدرتی زریعہ کون سا ہے.

Ans 1: روشنی اور حرارت کا سب سے بڑا قدرتی زریعہ سورج ہے.

Q3. نظم و ضبط کی پانچ مثالیں.

Ans 1: چاند کا زمین کے گرد تقریبا 29 دنوں میں چکر مکمل کرنا موسموں کا مقررہ وقت پر آنا اور جانا پہاڑوں کا اپنی جگہ قائم رہنا ندی نالوں کا بہنا پھولوں اور پھلوں کا اگنا.

Q4. اللہ تعالی نے کائنات کو کس چیز سے سجایا ہے.

Ans 1: اللہ تعالی نے کائنات کو اربوں ،کھربوں کہکشاوں سے سجایا ہے ان کہکشاؤں میں بے شمار ستارے، سیارے اور سیارچے ہیں.

Q5. آپ کے خیال میں نظام زندگی میں کیا رکاوٹ آتی اگر یا تو صرف دن ہوتا یا صرف رات ہوتی.

Ans 1: اگر صرف دن ہوتا تو ہم کام ہی کرتے اور آرام نہ کرتے اور اس طرح بیمار ہوجاتے اور اگر صرف رات ہوتی اور دن نہ ہوتا تو ہم کام نہ کرپاے اور نہ ہم سفر کرسکتے.

Q6. بارشیں کیسے برستی ہیں.

Ans 1: ہماری زمین پر ہواؤں کا ایسا نظام قائم ہے جس کے زریعے سے بارشیں برستی ہیں ہوائیں سمندر کی سطح سے پانی کو بخارات کی صورت میں اڑا کرلے جاتی ہیں اور دور دراز علاقوں میں بارشیں برسا دیتی ہیں.

Q7. سورج کی روشنی سے کیا کیا فائدے اٹھائی جارہے ہیں اور مزید کون کون سے اٹھا سکتے ہیں

Ans 1: فصلوں اور پودوں کی نشوونما سورج کی روشنی اور حرارت کی وجہ سے ہوتی ہے. سورج کی روشنی زمین کے جس حصے پر پڑتی ہے وہاں دن ہوتا ہے اور تمام لوگ دن کی روشنی میں اپنے سب کام انجام دیتے ہیں. سورج کی روشنی سے وٹامن حآصل ہوتاہے.

Q8. ستاروں اور سیاروں میں فرق.

Ans 1: ستاروں کی اپنی روشنی ور حرارت ہوتی ہے. ستارے اپنی جگہ پر ساکن رہتے ہیں جب کہ سیاروں کی اپنی روشنی نہیں ہوتی اور یہ بروقت گردش کرتے رہتے ہیں.

Q9. ہماری زمین کیسے ایک سیارہ ہے.

Ans 1: ہماری زمین ایک سیارہ ہے کیوں کہ ہماری زمین کی اپنی روشنی نہیں ہے اور ہر وقت گردش کرتی رہتی ہے.

Q10. نظام شمسی سے کیا مرادہے.

Ans 1: نظام شمسی کا مطلب ہے سورج کا نظام . سورج کے گرد مختلف سیارے ہروقت اپنے اپنے مدار میں گردش کرتے رہتے ہیں. سیاروں کی گردش کے کے اس نظام میں کبھی ایک لمحے کا بھی فرق نہیں پڑا. سورج نظام شمسی کا مرکز ہے.